**20.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ارجمند علی خان

**Music**

---

☆ چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں 18 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔

☆ پنجاب پولیس نے شمبھو اور کھنوری سرحدوں سے احتجاج کرنے والے کسانوں کو ہٹا دیا ہے۔ ہریانہ پولیس نے پختہ بنی ہوئی رکاوٹوں کو توڑنا شروع کردیا ہے۔

☆ چار دھام یاترا کیلئے اتراکھنڈ میں اندراج شروع ہوگیا ہے۔

☆ آج پارسی نیا سال ’’ نوروز‘‘ منایا جارہا ہے۔

☆ امریکی فیڈرل ریزرو نے شرح سود میں کوئی ردو بدل نہیں کیا ہے۔

☆ بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ نے ICC چمپئن ٹرافی 2025 جیتنے پر ٹیم انڈیا کیلئے 58 کروڑ روپے کے انعام کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور شام کو نئی دلّی میں انڈیا پارا گیمز 2025 شروع ہوں گے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**CHHATTISGARH-ENCOUNTER**

چھتیس گڑھ میں آج بیجاپور ضلع میں سیکیورٹی دستوں کے ساتھ ایک تصادم میں 18 ماؤنواز ہلاک ہوگئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ریزرو گروپ کا ایک جوان اس واقعہ میں شہید ہوگیا۔ موصول ہوئی اطلاع کے مطابق بیجاپور اور دانتے واڑہ اضلاع کی سرحد پر جنگلاتی علاقے میں سیکیورٹی دستوں کی ایک مشترکہ ٹیم کارروائی کیلئے گئی تھی۔ سیکیورٹی دستوں نے تصادم میں ہلاک ہوئے دو ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی ہیں۔ اس کے علاوہ بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔ علاقے میں تلاش کارروائی جاری ہے۔×

**PARLIAMENT-ADJOURN**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دن میں دو بجے تک ملتوی کردی گئی ہے کیونکہ DMK اور اپوزیشن کے کچھ دوسرے ممبر لوک سبھا اور اسمبلی حلقوں کی مجوزہ حد بندی پر احتجاج کررہے تھے۔

آج جب دن میں 12 بجے پہلے التوا کے بعد لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو DMK کے ممبر ایسی ٹی شرٹس پھر سے پہنے ہوئے نظر آئے، جن پر مجوزہ حدبندی پر احتجاجی نعرے لکھے ہوئے تھے۔ صدرنشیں نے اِس پر اعتراض کیا۔ DMK اور کانگریس کے کچھ ممبروں نے ایوان میں شور و غل کیا ،جس کے نتیجے میں کارروائی دن میں دو بجے تک ملتوی کردی گئی۔ اِس معاملے پر راجیہ سبھا میں بھی تین بار کارروائی کو ملتوی کرنا پڑا۔ صبح میں کارروائی دن میں 12 بجے تک ملتوی کی گئی ۔ بعد میں اِسے سوا 12 بجے تک اور پھر دن میں دو بجے تک ملتوی کرنا پڑا۔ x

**JOSHI-DELIMITATION**

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے DMK پر الزام لگایا ہے کہ وہ پارلیمنٹ میں مجوزہ حدبندی کا معاملہ تمل ناڈو میں اپنی ناکامی کو چھپانے کیلئے اٹھارہی ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب جوشی نے کہا کہ مرکزی حکومت ملک کے جنوبی حصے کے ساتھ نا انصافی نہیں ہونے دے گی۔ انہوں نے کہا کہ حدبندی کی کارروائی مردم شماری کے بعد ہوگی۔

اس دوران DMK کے ارکان پارلیمنٹ نے، پارلیمنٹ احاطہ کے اندر حدبندی کے معاملے پر احتجاج کیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کی رکن پارلیمنٹKanimozhi Karunanidhi نے کہا کہ پارٹی منصفانہ حدبندی پر زور دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ DMK مرکزی حکومت سے مجوزہ حدبندی کے بارے میں وضاحت چاہتی ہے، کیونکہ اس سے تمل ناڈو سمیت جنوبی ریاستوں کے مفادات متاثر ہوسکتے ہیں۔x

**CENTRE-FARMERS**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیرمملکت بھاگیرتھ چودھری نے آج کہا ہے کہ مرکزی حکومت کسانوں کی بہبود کیلئے عہد بستہ ہے اور اُس نے 2014 کے بعد سے ان کیلئے سلسلے وار اقدامات کئے ہیں۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب چودھری نے اس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت نے پی ایم کسان سمّان ندھی نافذ کی ہے اور فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت میں اضافہ کیا ہے۔

پنجاب حکومت کی جانب سے شمبھو اور Khanauri بارڈرس پر احتجاج کے مقام سے کسانوں کو ہٹائے جانے پر وزیر موصوف نے حکمراں عام آدمی پارٹی اور کانگریس کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے اپوزیشن کے اس الزام کو مسترد کردیا کہ مرکز

نے احتجاج کے مقام سے احتجاج کرنے والے کسانوں کو ہٹایا ہے۔ اس سے قبل کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ نے، پارلیمنٹ کے احاطے میں کسانوں کیلئے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی بھی اس میں شامل ہوئے۔×

## PUNJAB FARMERS INDUSTRY

پنجاب میں صنعت کاروں اور عام لوگوں نے اِن دونوں سرحدی راستوں سے ، جو ہریانہ سے متصل ہیں، کسانوں کو ہٹانے کا خیرمقدم کیا ہے۔ کسانوں کی طرف سے بنائے گئے عارضی ڈھانچوں اور سرحدی راستوں پر کھڑی کی گئی گاڑیوں کو ہٹا دیا گیا ہے۔ البتہ موٹر گاڑیوں کیلئے شاہراہ کو ابھی کھولا جانا باقی ہے کیونکہ حکام پختہ بنائی گئی رکاوٹوں کو دور کررہے ہیں۔ یہ دونوں سرحدی راستے کسانوں کے احتجاج کی وجہ سے تقریباً ایک سال سے زیادہ عرصے سے بند تھے۔ کسان اپنی فصلوں کیلئے کم از کم قانونی امدادی قیمت اور دوسرے مطالبات پورا کرنے کی مانگ کررہے تھے۔ x

## CHAR DHAM YATRA

اتراکھنڈ میں چاردھام یاترا کیلئے رجسٹریشن شروع ہوگیا ہے۔ اس سال رجسٹریشن میں آدھار کے ذریعہ تصدیق کی جائے گی اور عقیدت مندوں کو رجسٹریشن کے دوران آدھار کارڈ کی اپنی تفصیلات فراہم کرنی ہوں گی۔ کُل رجسٹریشن میں سے 60 فیصد آن لائن، جبکہ 40 فیصد آف لائن کئے جائیں گے، جس سے عقیدت مندوں کو پریشانی نہ ہو۔ اس عمل میں سہولت فراہم کرنے کیلئے ہری دوار اور رِشی کیش سمیت سفر کے راستوں پر رجسٹریشن مراکز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ عقیدت مند registrationandtouristcare.uk.gov.in پر آن لائن اندراج کراسکتے ہیں۔×

## PM- NAVROZ

وزیر اعظم نریندر مودی نے پارسی نئے سال ''نو روز'' کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ خاص دن سبھی کیلئے خوشیاں ، مسرت لاتا ہے اور سبھی لوگ صحت مند بھی رہیں گے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں امید ظاہر کی کہ آنے والے سال میں ترقی اور کامیابی حاصل ہوگی اور میل جول اور ہم آہنگی کے رشتے مضبوط ہوں گے۔ x

## CII-JAISHANKAR

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں دسویں CII بھارت LAC کانکلیو سے خطاب کیا۔ عالمی اقتصادی

منظر نامے کو اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دنیا ایک غیر یقینی اور بدلتی ہوئی صورتحال کے دور سے گزر رہی ہے، جہاں ماضی کے دباؤ اور مستقبل کے چیلنج بہت زیادہ امکانات والا عنصر پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کووڈ-19 وبا اور اُس کے ترقی پذیر ممالک پر طویل مدتی اثرات کا ذکر کیا، جس نے پائیدار ترقیاتی اہداف کو بھی متاثر کیا ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے یہ بھی کہا کہ خوراک، ایندھن اور کھاد کی یقینی فراہمی کے تعلق سے یوکرین تنازع، تناؤ کا ایک اضافی پہلو رہا ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات کو اجاگر کیا کہ کسی ایک جغرافیائی علاقے میں وسائل کی بھرمار کے خطرات سے عالمی معیشت کو بچانے کی ضرورت ہے۔

**US-FED RATE**

امریکی فیڈرل ریزرو نے اپنے بنیادی شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے اور اسے چار اعشاریہ دو پانچ فیصد سے چار اعشاریہ پانچ صفر فیصد برقرار رکھا ہے۔ امریکی مرکزی بینک نے اس بات کا بھی اشارہ دیا ہے کہ اس سال بعد میں شرح سود میں دو چوتھائی پوائنٹس کی کمی آسکتی ہے۔ فیڈرل ریزرو نے 2025 کیلئے امریکی افراط زر کے اپنے تخمینے میں اضافہ کیا ہے اور امریکی معیشت کی شرح ترقی کو کم کیا ہے۔ مرکزی بینک کا 2025 کا دوسرا مالیاتی پالیسی فیصلہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے محصول میں اضافے کے درمیان خطرات میں سامنے آیا ہے، جس سے عالمی تجارتی محاذ آرائی میں اضافہ ہوا ہے۔×

**US-UKRAINE**

امریکہ نے کہا ہے کہ یوکرین کے صدر وولودی میر زیلنسکی نے روس کے خلاف لڑائی میں جزوی جنگ بندی سے اتفاق کرلیا ہے۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادی میر پُتن نے اِس معاملے پر بات چیت کی تھی۔ وہائٹ ہاؤس نے کل رات بتایا کہ صدر ٹرمپ نے جناب پُتن کے ساتھ اپنی گفتگو کے بارے میں فون پر جناب زیلنسکی کو جانکاری دی۔ اِس موقع پر مختلف اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔اُدھر یوکرین کے صدر زیلنسکی نے ٹرمپ کے ساتھ اپنی گفتگو کو مثبت، بے باک اور بہت ٹھوس قرار دیا ہے۔×

**BCCI-CRICKET**

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے آج ICC چمپئن ٹرافی-2025 جیتنے کیلئے بھارتی ٹیم کی خاطر 58 کروڑ روپے کے نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔ BCCI نے کہا ہے کہ یہ کھلاڑیوں، کوچنگ اور سپورٹ اسٹاف اور مردوں کی سلیکشن کمیٹی کے ارکان کی عزت افزائی کیلئے کیا گیا ہے۔×

**KHELO INDIA PARA GAMES**

کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 کا دوسرا ایڈیشن آج نئی دلی میں شروع ہورہا ہے۔ اس میں 36 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے ایک ہزار 300 سے زیادہ ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔ زمینی سطح پر کھیل کود کو فروغ دینے کیلئے کھیلو انڈیا مہم کے ایک حصے کے طورپر مختلف کھیلوں کے یہ مقابلے تین مقامات جواہر لال نہرو اسٹیڈیم، اندراگاندھی اسٹیڈیم اور ڈاکٹر کرن سنگھ شوٹنگ رینج میں منعقد ہوں گے۔ ایتھلیٹس چھ کھیلوں، پیراتیراندازی، پیرا ایتھلیٹکس، پیرا بیڈمنٹن، پیرا نشانے بازی، پیرا ٹیبل ٹینس اور پیرا پاورلفٹنگ میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔×

**INDIA BEACH SOCCER**

اے ایف سی Beach Soccer ایشین کپ-2025 میں بھارت کا مقابلہ میزبان تھائی لینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق آج شام سات بجے Pattaya کے مقام Jomtien بیچ پر کھیلا جائے گا۔ 18 سال کے بعد بھارت Beach Soccer مقابلوں میں دوبارہ واپسی کررہا ہے۔ یہ بھارت کیلئے ایک تاریخی لمحہ ہوگا۔ تقریباً دو دہائیوں کے وقفے کے بعد بھی ہیڈکوچ محمد فیصل بن سعود نے ٹیم پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆